And We had bestowed the Book upon Moses too; then differences arose in respect of it; and if a decree had not already been passed from your Sustainer, decision would have been made between them forthwith, because they had been in grave doubt and ambiguities about it (45). So, whoever conducted himself in a constructive way, it is to go to his own credit; and whoever committed misconduct, it is to go against him; it is because your Sustainer is not a tyrant to his own subjects (46). The knowledge about the Final Hour keeps coming to Him, and no results come out from their sources, and no female conceives and gives birth except with His knowledge; and the day when He would call out to them saying, "where are my partners", they would answer, "We confess to You, none of us is here to witness about that"(47). In fact, they were misguided by those they used to invoke in the past, and they now have perceived that there is no escape for them (48). Man is not tired of asking favors. But if inflicted with misfortune, he becomes disappointed with despair (49). And in case we give him a taste of our mercy after hardship has visited him, he surely would say that it was his due. And would say, "I don't

assume the Final Hour is doomed to come; and if indeed I am to be brought back to my Sustainer, certainly the good waits for me with Him". However, We shall give full knowledge to the deniers of truth of their misconduct and make them taste a heavy punishment (50). And whenever We bestowed man with our blessings, he has turned on his back and became careless with regard to our remembrance; and whenever he has faced misfortune, he is full of continued prayers (51). Tell them, "do you see if it is from the God, and you still become deniers of it, then who is more misguided than the one who is in such a great disparity from the truth (52)". We shall soon show them our signs in the Universe and within themselves until it is made amply clear to them that this is the Truth; Is it not enough that your Sustainer is the witness to everything (53). Is it not that they are in doubt about facing their Sustainer; He surely encompasses everything (54).

اُردو متن کی ابتدا یہاں سے ہوتی ہے۔

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر112

سورۃ فُصّلت [41]

ایک خالص علمی اور شعوری ترجمہ

پیش لفظ

قرآنی مخفف "حٰمٓ" سے شروع ہونے والی یہ سورت نزولِ قرآن کا اعلان بھی ہے اور اپنے عنوان "فُصِّلت" کی مناسبت سے یہ سورت الہامی ہدایت کے نازل ہونے پر معاشرے کے زور آور اور استحصالی طبقات کے رویوں او ردِّ عمل کو کھول کر بیان بھی کرتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ایسے طبقات کے ساتھ جو کچھ جلد ہی پیش آنے والا ہے، خواہ دنیاوی زندگی میں ہو یا پھر آخرت کی ابدی زندگی میں، اُسے بھی، ماضی کی تاریخ کے متعلقہ حوالوں کے ساتھ، فیصلہ کُن انداز میں تفصیلا بیان کر دیتی ہے۔

سورة فُصّلت [41]

حم (١) تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ (٢) كِتَابٌ فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (٣) بَشِيرًا وَنَذِيرًا
فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ (٤) وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِي آذَانِنَا وَقْرٌ وَمِن بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ
حِجَابٌ فَاعْمَلْ إِنَّنَا عَامِلُونَ (٥) قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَـٰهُكُمْ إِلَـٰهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ
وَاسْتَغْفِرُوهُ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ (٦) الَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ (٧) إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (٨) قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُ
أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ (٩) وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ
سَوَاءً لِّلسَّائِلِينَ (١٠) ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَا أَتَيْنَا
طَائِعِينَ (١١) فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَىٰ فِي كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا ۚ وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ
وَحِفْظًا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (١٢) فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ (١٣) إِذْ
جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّـهَ ۖ قَالُوا لَوْ شَاءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلَائِكَةً فَإِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم
بِهِ كَافِرُونَ (١٤) فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۖ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّـهَ الَّذِي
خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ (١٥) فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ
عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَىٰ ۖ وَهُمْ لَا يُنصَرُونَ (١٦) وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ
فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَىٰ عَلَى الْهُدَىٰ فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (١٧) وَنَجَّيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا
يَتَّقُونَ (١٨) وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاءُ اللَّـهِ إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوزَعُونَ (١٩) حَتَّىٰ إِذَا مَا جَاءُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ
وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (٢٠) وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدتُّمْ عَلَيْنَا ۖ قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّـهُ الَّذِي أَنطَقَ كُلَّ
شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (٢١) وَمَا كُنتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَن يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا
جُلُودُكُمْ وَلَـٰكِن ظَنَنتُمْ أَنَّ اللَّـهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيرًا مِّمَّا تَعْمَلُونَ (٢٢) وَذَٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنتُم بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُم
مِّنَ الْخَاسِرِينَ (٢٣) فَإِن يَصْبِرُوا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۖ وَإِن يَسْتَعْتِبُوا فَمَا هُم مِّنَ الْمُعْتَبِينَ (٢٤) وَقَيَّضْنَا لَهُمْ
قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوا لَهُم مَّا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ ۖ إِنَّهُمْ
كَانُوا خَاسِرِينَ (٢٥) وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَـٰذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ (٢٦) فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ
كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ (٢٧) ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّـهِ النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ
الْخُلْدِ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ (٢٨) وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا اللَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ
نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ (٢٩) إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّـهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا
تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ (٣٠) نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَكُمْ
فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ (٣١) نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِيمٍ (٣٢) وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى
اللَّـهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ (٣٣) وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا
الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ (٣٤) وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ
عَظِيمٍ (٣٥) وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّـهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (٣٦) وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ
وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۚ لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا لِلَّـهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ
تَعْبُدُونَ (٣٧) فَإِنِ اسْتَكْبَرُوا فَالَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ يُسَبِّحُونَ لَهُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْأَمُونَ ۩ (٣٨) وَمِنْ آيَاتِهِ
أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۚ إِنَّ الَّذِي أَحْيَاهَا لَمُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۚ إِنَّهُ عَلَىٰ
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (٣٩) إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۗ أَفَمَن يُلْقَىٰ فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِي آمِنًا يَوْمَ

الْقِيَامَةِ ۚ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ ۖ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (٤٠) إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ
عَزِيزٌ (٤١) لَّا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ (٤٢) مَّا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ
لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ (٤٣) وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ
آيَاتُهُ ۖ أَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ ۗ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ۖ وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ
عَمًى ۚ أُولَـٰئِكَ يُنَادَوْنَ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ (٤٤) وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ
لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ (٤٥) مَّنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۗ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ
لِّلْعَبِيدِ (٤٦) إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَمَا تَخْرُجُ مِن ثَمَرَاتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا
بِعِلْمِهِ ۚ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِي قَالُوا آذَنَّاكَ مَا مِنَّا مِن شَهِيدٍ (٤٧) وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَدْعُونَ مِن
قَبْلُ ۖ وَظَنُّوا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ (٤٨) لَّا يَسْأَمُ الْإِنسَانُ مِن دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوسٌ
قَنُوطٌ (٤٩) وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَـٰذَا لِي وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَىٰ
رَبِّي إِنَّ لِي عِندَهُ لَلْحُسْنَىٰ ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ (٥٠) وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى
الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيضٍ (٥١) قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّـهِ ثُمَّ كَفَرْتُم
بِهِ مَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ (٥٢) سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ
الْحَقُّ ۗ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (٥٣) أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَاءِ رَبِّهِمْ ۗ أَلَا إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
مُّحِيطٌ (٥٤)

مروجہ روایتی ترجمے کا ایک نمونہ

ح م (1) یہ خدائے رحمان و رحیم کی طرف سے نازل کردہ چیز ہے (2) ایک ایسی کتاب جس کی آیات خوب کھول کر بیان کی گئی ہیں، عربی زبان کا قرآن، اُن لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں (3) بشارت دینے والا اور ڈرا دینے والا مگر اِن لوگوں میں سے اکثر نے اس سے رو گردانی کی اور وہ سن کر نہیں دیتے (4) کہتے ہیں "جس چیز کی طرف تو ہمیں بلا رہا ہے اس کے لیے ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہوئے ہیں، ہمارے کان بہرے ہو گئے ہیں، اور ہمارے اور تیرے درمیان ایک حجاب حائل ہو گیا ہے تو اپنا کام کر، ہم اپنا کام کیے جائیں گے (5) "اے نبیؐ، اِن سے کہو، میں تو ایک بشر ہوں تم جیسا مجھے وحی کے ذریعہ سے بتایا جاتا ہے کہ تمہارا خدا تو بس ایک ہی خدا ہے، لہٰذا تم سیدھے اُسی کا رخ اختیار کرو اور اس سے معافی چاہو تباہی ہے اُن مشرکوں کے لیے (6) جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور آخرت کے منکر ہیں (7) رہے وہ لوگ جنہوں نے مان لیا اور نیک اعمال کیے، اُن کے لیے یقیناً ایسا اجر ہے جس کا سلسلہ کبھی ٹوٹنے والا نہیں ہے (8) اے نبیؐ! اِن سے کہو، کیا تم اُس خدا سے کفر کرتے ہو اور دوسروں کو اُس کا ہمسر ٹھیراتے ہو جس نے زمین کو دو دنوں میں بنا دیا؟ وہی تو سارے جہان والوں کا رب ہے (9) اُس نے (زمین کو وجود میں لانے کے بعد) اوپر سے اس پر پہاڑ جما دیے اور اس میں برکتیں رکھ دیں اور اس کے اندر سب مانگنے والوں کے لیے ہر ایک کی طلب و حاجت کے مطابق ٹھیک اندازے سے خوراک کا سامان مہیا کر دیا یہ سب کام چار دن میں ہو گئے (10) پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا جو اُس وقت محض دھواں تھا اُس نے آسمان اور زمین سے کہا "وجود میں آ جاؤ، خواہ تم چاہو یا نہ چاہو" دونوں نے کہا "ہم آ گئے فرمانبرداروں کی طرح(11) " تب اُس نے دو دن کے اندر سات آسمان بنا دیے، اور ہر آسمان میں اُس کا قانون وحی کر دیا اور آسمان دنیا کو ہم نے چراغوں سے آراستہ کیا اور اسے خوب محفوظ کر دیا یہ سب کچھ ایک

زبردست علیم ہستی کا منصوبہ ہے (12) اب اگر یہ لوگ منہ موڑتے ہیں تو اِن سے کہہ دو کہ میں تم کو اُسی طرح کے ایک اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب سے ڈراتا ہوں جیسا عاد اور ثمود پر نازل ہوا تھا (13) جب خدا کے رسول اُن کے پاس آگے اور پیچھے، ہر طرف سے آئے اور انہیں سمجھایا کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو تو انہوں نے کہا "ہمارا رب چاہتا تو فرشتے بھیجتا، لہٰذا ہم اُس بات کو نہیں مانتے جس کے لیے تم بھیجے گئے ہو (14) "عاد کا حال یہ تھا کہ وہ زمین میں کسی حق کے بغیر بڑے بن بیٹھے اور کہنے لگے "کون ہے ہم سے زیادہ زور آور" اُن کو یہ نہ سوجھا کہ جس خدا نے ان کو پیدا کیا ہے وہ ان سے زیادہ زور آور ہے؟ وہ ہماری آیات کا انکار ہی کرتے رہے (15) آخرکار ہم نے چند منحوس دنوں میں سخت طوفانی ہوا ان پر بھیج دی تاکہ انہیں دنیا ہی کی زندگی میں ذلت و رسوائی کے عذاب کا مزا چکھا دیں، اور آخرت کا عذاب تو اس سے بھی زیادہ رسوا کن ہے، وہاں کوئی ان کی مدد کرنے والا نہ ہو گا (16) رہے ثمود، تو ان کے سامنے ہم نے راہ راست پیش کی مگر انہوں نے راستہ دیکھنے کے بجائے اندھا بنا رہنا پسند کیا آخر اُن کے کرتوتوں کی بدولت ذلت کا عذاب اُن پر ٹوٹ پڑا (17) اور ہم نے اُن لوگوں کو بچا لیا جو ایمان لائے تھے اور گمراہی و بد عملی سے پرہیز کرتے تھے (18) اور ذرا اُس وقت کا خیال کرو جب اللہ کے یہ دشمن دوزخ کی طرف جانے کے لیے گھیر لائے جائیں گے اُن کے اگلوں کو پچھلوں کے آنے تک روک رکھا جائے گا (19) پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں(20) وہ اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے "تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟"وہ جواب دیں گی "ہمیں اُسی خدا نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے اُسی نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اور اب اُسی کی طرف تم واپس لائے جا رہے ہو (21) تم دنیا میں جرائم کرتے وقت جب چھپتے تھے تو تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ کبھی تمہارے اپنے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے جسم کی کھالیں تم پر گواہی دیں گی بلکہ تم نے تو یہ سمجھا تھا کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو بھی خبر نہیں ہے (22) تمہارا یہی گمان جو تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تھا، تمہیں لے ڈوبا اور اسی کی بدولت تم خسارے میں پڑ گئے (23) "اس حالت میں وہ صبر کریں (یا نہ کریں) آگ ہی ان کا ٹھکانا ہو گی، اور اگر رجوع کا موقع چاہیں گے تو کوئی موقع انہیں نہ دیا جائے گا (24) ہم نے ان پر ایسے ساتھی مسلط کر دیے تھے جو انہیں آگے اور پیچھے ہر چیز خوشنما بنا کر دکھاتے تھے، آخر کار اُن پر بھی وہی فیصلہ عذاب چسپاں ہو کر رہا جو ان سے پہلے گزرے ہوئے جنوں اور انسانوں کے گروہوں پر چسپاں ہو چکا تھا، یقیناً وہ خسارے میں رہ جانے والے تھے (25) یہ منکرین حق کہتے ہیں "اِس قرآن کو ہرگز نہ سنو اور جب یہ سنایا جائے تو اس میں خلل ڈالو، شاید کہ اس طرح تم غالب آ جاؤ (26) "اِن کافروں کو ہم سخت عذاب کا مزا چکھا کر رہیں گے اور جو بدترین حرکات یہ کرتے رہے ہیں ان کا پورا پورا بدلہ اِنہیں دیں گے (27) وہ دوزخ ہے جو اللہ کے دشمنوں کو بدلے میں ملے گی اُسی میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اِن کا گھر ہو گا یہ ہے سزا اِس جرم کی کہ وہ ہماری آیات کا انکار کرتے رہے (28) وہاں یہ کافر کہیں گے کہ "اے ہمارے رب، ذرا ہمیں دکھا دے اُن جنوں اور انسانوں کو جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا، ہم انہیں پاؤں تلے روند ڈالیں گے تاکہ وہ خوب ذلیل و خوار ہوں(29) " جن لوگوں نے کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے اور پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے، یقیناً اُن پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ "نہ ڈرو، نہ غم کرو، اور خوش ہو جاؤ اُس جنت کی بشارت سے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے (30) ہم اِس دنیا

کی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی، وہاں جو کچھ تم چاہو گے تمہیں ملے گا اور ہر چیز جس کی تم تمنا کرو گے وہ تمہاری ہوگی (31) یہ ہے سامان ضیافت اُس ہستی کی طرف سے جو غفور اور رحیم ہے (32) "اور اُس شخص کی بات سے اچھی بات اور کس کی ہو گی جس نے اللہ کی طرف بلایا اور نیک عمل کیا اور کہا کہ میں مسلمان ہوں (33) اور اے نبیؐ، نیکی اور بدی یکساں نہیں ہیں تم بدی کو اُس نیکی سے دفع کرو جو بہترین ہو تم دیکھو گے کہ تمہارے ساتھ جس کی عداوت پڑی ہوئی تھی وہ جگری دوست بن گیا ہے (34) یہ صفت نصیب نہیں ہوتی مگر اُن لوگوں کو جو صبر کرتے ہیں، اور یہ مقام حاصل نہیں ہوتا مگر اُن لوگوں کو جو بڑے نصیبے والے ہیں (35) اور اگر تم شیطان کی طرف سے کوئی اکساہٹ محسوس کرو تو اللہ کی پناہ مانگ لو، وہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے (36) اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں یہ رات اور دن اور سورج اور چاند سورج اور چاند کو سجدہ نہ کرو بلکہ اُس خدا کو سجدہ کرو جس نے انہیں پیدا کیا ہے اگر فی الواقع تم اُسی کی عبادت کرنے والے ہو (37) لیکن اگر یہ لوگ غرور میں آ کر اپنی ہی بات پر اڑے رہیں تو پروا نہیں، جو فرشتے تیرے رب کے مقرب ہیں وہ شب و روز اس کی تسبیح کر رہے ہیں اور کبھی نہیں تھکتے(38) اور اللہ کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ تم دیکھتے ہو زمین سونی پڑی ہوئی ہے، پھر جونہی کہ ہم نے اس پر پانی برسایا، یکایک وہ پھبک اٹھتی ہے اور پھول جاتی ہے یقیناً جو خدا اس مری ہوئی زمین کو جلا اٹھاتا ہے وہ مُردوں کو بھی زندگی بخشنے والا ہے یقیناً وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے (39) جو لوگ ہماری آیات کو الٹے معنی پہناتے ہیں وہ ہم سے کچھ چھپے ہوئے نہیں ہیں خود ہی سوچ لو کہ آیا وہ شخص بہتر ہے جو آگ میں جھونکا جانے والا ہے یا وہ جو قیامت کے روز امن کی حالت میں حاضر ہو گا؟ کرتے رہو جو کچھ تم چاہو، تمہاری ساری حرکتوں کو اللہ دیکھ رہا ہے (40) یہ وہ لوگ ہیں جن کے سامنے کلام نصیحت آیا تو انہوں نے اسے ماننے سے انکار کر دیا مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ ایک زبردست کتاب ہے (41) باطل نہ سامنے سے اس پر آ سکتا ہے نہ پیچھے سے، یہ ایک حکیم و حمید کی نازل کردہ چیز ہے (42) اے نبیؐ، تم سے جو کچھ کہا جا رہا ہے اس میں کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہے جو تم سے پہلے گزرے ہوئے رسولوں سے نہ کہی جاچکی ہو بے شک تمہارا رب بڑا درگزر کرنے والا ہے، اور اس کے ساتھ بڑی دردناک سزا دینے والا بھی ہے (43) اگر ہم اِس کو عجمی قرآن بنا کر بھیجتے تو یہ لوگ کہتے "کیوں نہ اس کی آیات کھول کر بیان کی گئیں؟ کیا عجیب بات ہے کہ کلام عجمی ہے اور مخاطب عربی" اِن سے کہو یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لیے تو ہدایت اور شفا ہے، مگر جو لوگ ایمان نہیں لاتے اُن کے لیے یہ کانوں کی ڈاٹ اور آنکھوں کی پٹی ہے اُن کا حال تو ایسا ہے جیسے اُن کو دور سے پکارا جا رہا ہو (44) اِس سے پہلے ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی تھی اور اس کے معاملے میں بھی یہی اختلاف ہوا تھا اگر تیرے رب نے پہلے ہی ایک بات طے نہ کر دی ہوتی تو ان اختلاف کرنے والوں کے درمیان فیصلہ چکا دیا جاتا اور حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ اُس کی طرف سے سخت اضطراب انگیز شک میں پڑے ہوئے ہیں (45) جو کوئی نیک عمل کرے گا اپنے ہی لیے اچھا کرے گا، جو بدی کرے گا اس کا وبال اُسی پر ہوگا، اور تیرا رب اپنے بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے(46) اُس ساعت کا علم اللہ ہی کی طرف راجع ہوتا ہے، وہی اُن سارے پھلوں کو جانتا ہے جو اپنے شگوفوں میں سے نکلتے ہیں، اسی کو معلوم ہے کہ کونسی مادہ حاملہ ہوئی ہے اور کس نے بچہ جنا ہے پھر جس روز وہ اِن لوگوں کو پکارے گا کہ کہاں ہیں میرے وہ شریک؟ یہ کہیں گے، "ہم عرض کر چکے ہیں، آج ہم میں سے کوئی اِس کی

گواہی دینے والا نہیں ہے (47) "اُس وقت وہ سارے معبود اِن سے گم ہو جائیں گے جنہیں یہ اس سے پہلے پکارتے تھے، اور یہ لوگ سمجھ لیں گے کہ اِن کے لیے اب کوئی جائے پناہ نہیں ہے (48) انسان کبھی بھلائی کی دعا مانگتے نہیں تھکتا، اور جب کوئی آفت اِس پر آ جاتی ہے تو مایوس و دل شکستہ ہو جاتا ہے (49) مگر جو ں ہی کہ سخت وقت گزر جانے کے بعد ہم اِسے اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں، یہ کہتا ہے کہ "میں اِسی کا مستحق ہوں، اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت کبھی آئے گی، لیکن اگر واقعی میں اپنے رب کی طرف پلٹایا گیا تو وہاں بھی مزے کروں گا" حالانکہ کفر کرنے والوں کو لازماً ہم بتا کر رہیں گے کہ وہ کیا کر کے آئے ہیں اور انہیں ہم بڑے گندے عذاب کا مزا چکھائیں گے (50) انسان کو جب ہم نعمت دیتے ہیں تو وہ منہ پھیرتا ہے اور اکڑ جاتا ہے اور جب اسے کوئی آفت چھو جاتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگتا ہے (51) اے نبیؐ، اِن سے کہو، کبھی تم نے یہ بھی سوچا کہ اگر واقعی یہ قرآن خدا ہی کی طرف سے ہوا اور تم اِس کا انکار کرتے رہے تو اُس شخص سے بڑھ کر بھٹکا ہوا اور کون ہوگا جو اِس کی مخالفت میں دور تک نکل گیا ہو؟ (52) عنقریب ہم اِن کو اپنی نشانیاں آفاق میں بھی دکھائیں گے اور ان کے اپنے نفس میں بھی یہاں تک کہ اِن پر یہ بات کھل جائے گی کہ یہ قرآن واقعی برحق ہے کیا یہ بات کافی نہیں ہے کہ تیرا رب ہر چیز کا شاہد ہے؟ (53) آگاہ رہو، یہ لوگ اپنے رب کی ملاقات میں شک رکھتے ہیں سن رکھو، وہ ہر چیز پر محیط ہے(54)

جدید خالص علمی و شعوری ترجمہ

"پریشان اور تلاش میں بھٹکتے اذہان کے لیے قولِ فیصل جاری کر دیا گیا ہے [حٰم] [1]؛ ایک وحی [تنزیل]کے ذریعے جو نہایت مہربان اور انسان سے مستقل قریبی تعلق رکھنے والی ہستی کی جانب سے عطا ہوئی ہے ۔ یہ ایک ایسی کتاب پر مشتمل ہے جس کے ارشادات تفصیلی اور فیصلہ کُن بنا دیے گئے ہیں [فصّلت]، اور ایک فصیح و بلیغ مطالعہ کی شکل میں اصحابِ علم کے لیے پیش کر دیے گئے ہیں [3]۔ یہ نہ صرف ایک خوش خبری ہے بلکہ پیش آگاہی بھی ہے، اسی لیے اکثریت نے اس سے منہ موڑ لیا ہے اور اسے سُننے کے لیے تیار نہیں ہیں [4]۔ اور انہوں نے کہ دیا ہے کہ جس کی طرف تم ہمیں دعوت دیتے ہو اُس طرف سے ہمارے دل بند ہو چکے ہیں اور ہماری سماعتیں بہری ہو چکی ہیں، اور ہمارے اور تمہارے درمیان ایک بڑی روک موجود ہے؛ پس تم اپنا کام کرو، ہم جو درست سمجھتے ہیں وہ کر رہے ہیں [5]۔ انہیں کہو کہ درحقیقت میں تو تم جیسا ایک بشر ہی ہوں؛ مجھ پر یہ وحی آئی ہے کہ دراصل تمہارا آقا وہی ایک اللہ ہے؛ پس اُس کے لیے مضبوط کھڑے ہو جاو اور اُسی سے سامانِ حفاظت طلب کرو؛ اور فرماں برداری میں اُس کے ساتھ دیگر کو شریک کرنے والوں کے لیے تباہی ہے [6]، یہ اُس طبقے کے لوگ ہوتے ہیں جو متاعِ پرورش و زیست کی عمومی دستیابی کو یقینی نہیں بناتے اوریہ وہ ہیں جوآخرت کی زندگی سے انکار کرتے ہیں [7]۔ بیشک جو لوگ ایمان لے آئے اور انہوں نے اصلاحی اور تعمیری کام کیے، اُن کے لیے ہمیشہ جاری رہنے والا انعام ہے [8]۔ اِن سے سوال کرو کہ کیا تم ایسی ذات کا انکار کرتے ہو جس نے دو مرحلوں میں سیارہ زمین کو تخلیق کیا ہے، اور تم اس کے لیے ہمسر ٹھہراتے ہو؟ وہ ہی تو کائنات میں موجود ہر چیز کا پروردگار ہے [9]۔ اور اُسی نے اس زمین پر اُس کی بلندیوں تک پہنچنے والے پہاڑ رکھ دیے، اور انہیں برکت والا بنا دیا، اور چار مراحل میں ان سے پیدا ہونے والے رزق کے پیمانے مقرر کر دیے

[أقدّر اقواتها] تاکہ اُن پر انحصار کرنے والوں کو برابری کے ساتھ اپنا اپنا حق مل جائے [10]۔ پھر اُس نے بلندیوں، یعنی کائنات، کی جانب توجہ کی جو اُس وقت دھویں یا غبار کے ذرات کی شکل میں تھی۔ پھر اُس نے اسے اور زمین کو کہا کہ وجود میں آ جاو، خواہ رضامندی کے ساتھ اور خواہ جبری طور پر۔ ان دونوں نے فرماں برداری سے تعمیلِ حکم کیا [11]۔ پس اُس ذاتِ پاک نے اُس مادے میں سے آسمانی کُرّوں کی ایک غیر متعین کثرتِ تعداد تشکیل دے دی اور پھر ہر کُرے میں اُس کے فرائض ادا کرنے کے لیے طریقِ کار یا احکام ودیعت کر دیے۔ اور اُس نے دنیا کی بلندیوں کو روشن چراغوں سے سجا دیا اور اُسے تحفظ بھی عطا کر دیا۔ یہ اُس طاقتور اور عالِم ہستی کا متعین کردہ منصوبہ تھا [12]۔ پس اگر یہ لوگ اب بھی اعراض برتتے ہیں، تو کہ دو کہ میں نے تمہیں پیش آگاہ کر دیا ہے اُس تباہی کی طرف سے جو قوم عاد و ثمود کی تباہی کی مثل ہوگی [13]۔ جب اُن کے پاس اللہ کے رسول اُن کے درمیان سے اور اُن کے ما بعد آتے رہے تھے یہ کہنے کہ اللہ کے سوا کسی اور کی تابع فرمانی نہ کرو،تو انہوں نے کہا تھا کہ اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو وہ قوت و اختیار رکھنے والے لوگ [ملائکۃ] ہم پر نازل کرتا۔ تو اس لیے ہم وہ کچھ نہیں مان سکتے جو تمہیں، یا تمہارے جیسے لوگوں کو، دے کر بھیجا گیا ہے [14]۔ قوم عاد کے بارے میں تو یہ ہے کہ وہ زمین پر بغیر جواز نہایت متکبر ہو گئے تھے اور کہتے تھے کہ ہم سے قوت میں کون زیادہ ہے۔ کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھ لیا تھا کہ وہ اللہ ہی ہے جس نے انہیں تخلیق کیا ہے اور وہ قوت میں اُن سے بہت زیادہ ہے۔ پھر بھی وہ ہمارے احکامات کا انکار کرتے رہے [15]۔ پس ہم نے اُن پر ایسی تباہی بھیجی جو اُن پر ایک نہایت منحوس دور میں مسلسل آفات ڈھاتی رہی، تاکہ انہیں دنیاوی زندگی ہی میں ذلت و رسوائی کی سزا دے دے۔ اور آخرت کی سزا تو اس سے بھی زیادہ رسوا کُن ہے۔ وہاں اُن کی کوئی مدد نہ کی جائے گی [16]۔ اور قومِ ثمود کے بارے میں یہ ہے کہ ہم نے انہیں ہدایت دینے کا اہتمام کیا لیکن انہوں ہدایت کے مقابلے میں اندھا یعنی محروم رہنے کو پسند کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انہیں بھی تباہی کی ذلت آمیز سزا نے آ لیا، جو اُن کی کرتوتوں کے سبب نازل ہوئی [17]۔ اور ہم نے اُن ایمان والوں کو بچا لیا جو پرہیزگار تھے [18]۔ اور جس دن اللہ کے دشمن آگ کی طرف جمع کیے جائیں گے اور پھر انہیں اُدھر دھکیلا جائے گا، تو جب وہ اس تک پہنچ جائیں گے، تو اُن کی سماعتیں، اُن کی نظریں اور اُن کے نفسِ شعوری جو کچھ وہ کرتے رہے تھے، اُس پر شہادت دیں گے [20]۔ وہ اپنے نفسِ شعوری سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف شہادت کیوں دی۔ وہ کہیں گے کہ ہمیں اللہ نے نطق عطا کیا جیسے کہ اُس نے ہر چیز کو نطق عطا کیا ہے، اور اُسی نے تمہیں پہلی مرتبہ تخلیق کیا تھا اور اُسی کی طرف تمہیں واپس پلٹنا ہے [21]۔ اور جو کچھ تم چھپایا کرتے تھے وہ صرف اس لیے نہیں تھا کہ تمہیں یہ علم نہ تھا کہ تمہاری سماعت، بصارت اور تمہارے نفوسِ باطنی تم پر شہادت دیں گے، بلکہ تمہارا قیاس تو یہ تھا کہ خود اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال میں سے بہت کچھ کا علم نہیں رکھتے [22]۔ اور یہ تمہارا وہ قیاس تھا جس کا اطلاق تم نے اپنے پروردگار پر بھی کر دیا تھا، جس نے تمہیں برباد کر دیا اور تم خسارے میں پڑ گئے [23]۔ فلھٰذا، اگر یہ لوگ اب تھوڑا صبر کریں ، تو اِن کا آنے والا انجام آگ ہے؛ اور اگر یہ لوگ اب رعایت مانگنے کی نیت کریں، تو انہیں کوئی رعایت ملنے والی نہیں ہے [24]۔ ہمارے فطری طریقِ کار کی رُو سے انہیں بھی قریبی لوگ میسر آ گئے تھے جو ان کے پہلے سے موجود اموال کو اور جو کچھ پیچھے سے مزید آ رہا تھا، خوبصورت بنا کر انہیں دکھاتے تھے، پس اُن پر قانون کا اطلاق ہو گیا جیسے کہ اُن اقوام پر ہوا تھا جو ان سے پہلے گذریں جن میں

طاقتور اور عوامی طبقات دونوں موجود تھے [الجنّ الاِنس]. بیشک وہ سب کچھ کھو دینے والے بن گئے [25]. اور حق کا انکار کرنے والے اپنے لوگوں سے یہ بھی کہتے ہیں کہ اِس قرآن کو مت غور سے سنو، اور اسے ملاوٹ سے آلودہ کر دو تاکہ تم نظریاتی غلبہ حاصل کر سکو [26]. تاہم، ہم ان انکاریوں کوسخت سزا کا مزا چکھانے والے ہیں کیونکہ ہم ان کے بُرے کاموں کا انہیں پورا بدلہ دیں گے [27]. اللہ کے دشمنوں کو یہ بدلہ محرومیوں کی آگ کی شکل میں ملے گا، جو ان کے لیے دائمی ٹھکانہ ہوگا، اور یہ ہمارے فرمودات کو مسلسل مسترد کرتے رہنے کا بدلہ ہوگا [28]. اور حق کا انکار کرنے والے کہیں گے، اے ہمارے رب، ہمیں ہمارے طاقتور طبقے اور عوام میں سے اُن لوگوں سے ملا دے جنہوں نے ہمیں راہ سے بھٹکا دیا تھا تاکہ ہم انہیں اپنے پیروں تلے اتنا کچل سکیں کہ وہ حقیر ترین حالت میں آ جائیں [29].

بیشک وہ جنہوں نے کہ دیا کہ اللہ ہی ہمارا پروردگار ہے اور پھر اس موقف پر مضبوطی سے قائم رہے، اُن پر مخصوص قوتوں کا نزول ہوتا ہے جو انہیں یقین دہانی کراتی ہیں کہ نہ خوفزدہ ہو اور نہ ہی غمگین، بلکہ ایسی امن و عافیت کی زندگی [بالجنّۃ] کی بشارت لو جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا. [30]. ہم اس دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے مددگار ہیں، اور آخرت میں بھی ؛ اور وہاں وہ سب کچھ تمہیں میسر ہوگا جس کی تمہارے نفسِ شعوری خواہش کریں گے اور وہ سب بھی جس کی تم دعائیں مانگتے رہے ہو [31]، اور یہ سب اُسی تحفظ اور رحم کرنے والے کی طرف سے عطا ہوگا [32]. نیز کون کلام کرنے میں اُس سے بہتر ہوگا جس نے اللہ کی جانب بلایا اور اصلاحی اعمال سرانجام دیے اور یہ اعلان کیا کہ اُس نے اللہ کے آگے سرِ تسلیم خم کیا ہے [33]. اور یاد رہے کہ ایک خوبصورت عمل کبھی ایک بُرے عمل کے مساوی نہیں ہوتا. ہمیشہ اُس طریق سے پیش آو جو زیادہ خوبصورت ہو خواہ دوسرے فریق کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہی کیوں نہ ہو، پھر بھی ایسے سلوک کرو گویا وہ ایک سرگرم ساتھی ہو [34]. اس قسم کا مزاج سوائے اُن کے کسی اور کو نہیں ملتا جو تحمل مزاج ہوتے ہیں اور یہ انہی کو دیا جاتا ہے جو ایک عظیم شعوری درجے کے مالک ہوتے ہیں [35]. اور جب ایسا ہو کہ تمہاری سرکشی کی جبلت [الشّیطان] تمہیں برائی کی جانب مائل کرے تو تم اللہ کی پناہ طلب کیا کرو کیونکہ بیشک وہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے [36]. اور اُس کی نشانیوں میں سے دن اور رات بھی ہیں، اور سورج اور چاند بھی. لیکن سورج اور چاند کی گردش کے تابع مت رہا کرو[لا تسجُدُوا لِلشّمس و لا لِلقمر]، بلکہ اللہ کی رضا کے آگے جھُک جایا کرو جس نے ان سب کو تخلیق کیا ہے اگر تُم اُسی کی تابع فرمانی کرتے ہو [37]. اگر وہ لوگ پھر بھی متکبر رہیں ، تو وہ جان لیں کہ جو تہمارے پروردگار کے قریب ہوں گے وہ وہی ہیں جو دن اور رات کے ہر حصے میں اُس کی احکامات کی تعمیل کرتے ہیں اور اس فرض کی ادائیگی سے کبھی تھکتے نہیں [38]. اور اُس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تم اس زمین کو ویران پاتے ہو، اور پھر جیسے ہی ہم اس پر بارش کا پانی برساتے ہیں تو یہ جاگ اُٹھتی ہے اور زندگی سے بھر جاتی ہے. بے شک جو اسے زندگی سے بھر دیتا ہے وہ ضرور مردوں کو زندگی دینے والا بھی ہے، کیونکہ درحقیقت وہ ہر شے پر قادر ہے [39]. یقینا وہ جو ہمارے احکامات کو بگاڑ دیتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں. تب پھر وہ جو آگ میں ڈال دیا گیا بہتر ہے یا وہ جسے آخرت کے مرحلے میں امان مل گئی؟ جو کچھ تم چاہو بیشک کرتے رہو، کیونکہ جو تم کرتے ہو وہ سب کی خبر رکھتا ہے [40]. درحیقت یہ وہ ہیں جنہوں

الہامی نصیحتوں کا انکار کیا جب بھی وہ اُن تک پہنچائی گئیں، اگرچہ کہ وہ ایک ایسی طاقتور تحریر پر مبنی تھیں [41]، جس میں جھوٹ آگے یا پیچھے سے داخل نہیں ہو سکتا تھا۔ یہ ایک دانش کی مالک اور لائقِ تعریف ہستی کی جانب سے ایک عطا تھی [42]۔ یہ مخالفین تمہیں اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کہتے جو تم سے قبل آنے والے رسولوں کو کہا گیا تھا۔ بیشک تمہارا پروردگار نہ صرف تحفظ عطا کرنے کی صفت سے موصوف ہے بلکہ دردناک عذاب دینے پر بھی دسترس رکھتا ہے [43]۔ پھر اگر ہم نے اسے ایک غیر عربی تحریر کی شکل دے دی ہوتی تو یہ لوگ ضرور یہ اعتراض اُٹھاتے کہ اس کے احکامات کو واضح اور فیصلہ کُن کیوں نہ بنایا گیا؟ یہ کیا کہ عجمی کلام ہو اور عرب کے ذریعے آیا ہو؟ انہیں بتا دو کہ اُن کے لیے جو ایمان لے آئے ہیں، یہ ایک واضح روش یا طریقِ کار ہے اور تمام برائیوں سے شفاء بھی ہے۔ اور اُن کے لیے جو ایمان نہیں لاتے، اُن کی سماعتوں میں بہرا پن بھر گیا ہے، اور اُن کے لیے یہ بصارت کا اندھیرا ہے۔ یہ ایسے لوگ ہیں جنہیں کسی دور دراز کی جگہ سے آواز دی جا رہی ہو جو سنائی نہ دے [44]۔

آور ہم نے موسیٰ کو بھی یہی کتاب دی تھی، پس اس کے بارے میں بھی اختلافات پیدا کر لیے گئے۔ اور اگر ما قبل سے ہی تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک قانون/طریقِ کار نہ بنا دیا گیا ہوتا، تو اُن لوگوں کے درمیان فیصلہ اُسی وقت ہی کر دیا گیا ہوتا، کیونکہ وہ اس کے بارے میں سخت شکوک و ابہام میں پڑے ہوئے تھے [45]۔ پس جس کسی نے بھی اصلاحی کام کیے اُن کا فائدہ اُسی کی ذات کے لیے ہے۔ اور جس کسی نے بھی تخریب کاری کی تو اُس کا تاوان بھی اُس کے لیے ہے۔ کیونکہ تمہارا پروردگار اپنے بندوں پر ظلم نہیں کیا کرتا [46] ۔ فیصلے کے وقت کا علم اُس کے پاس موجود رہتا ہے۔ اور کوئی بھی نتائج اپنے ماخذات سے پیدا نہیں ہوتے، اور کوئی مادہ حمل نہیں اُٹھاتی اور نہ ہی وضع حمل کرتی ہے، جو اس کے علم سے باہر ہوتا ہو۔ اور وہ دن جب وہ ان لوگوں کو پکار کر سوال کرے گا کہ کہاں ہیں میرے شریک، تو یہ کہیں گے کہ ہم میں سے کوئی اس کی شہادت دینے والا نہیں ہے [47]۔ جن لوگوں کو یہ ماضی میں پکارا کرتے تھے انہوں نے اِنہیں گمراہ کر دیا تھا، اور یہ اب سمجھ گئے ہیں کہ ان کے لیے کوئی بچاو کا ٹھکانہ نہیں ہے [48]۔ انسان کبھی اپنی خیر کے لیے دعائیں مانگنے سے نہیں تھکتا، اور جب بھی اُسے بُرے حالات کا سامنا ہو تو وہ مایوس اور قنوطی ہو جاتا ہے [49]۔ لیکن اگر ہم نقصانات کے بعد اُسے اپنی رحمتوں کا مزا چکھاتے ہیں تو وہ کہنے لگتا ہے کہ یہ تو میرا حق ہے، اور یہ کہ میں نہیں سمجھتا کہ آخری گھڑی کبھی آنے والی ہے۔ لیکن اگر میں کبھی اپنے پروردگار کی طرف واپس لوٹا تو اُس کے ہاں میرے لیے خوب سے خوب تر ہی ہو ہوگا۔ جب کہ جن لوگوں نے حق سے انکار کیا ہے انہیں ہم اُن کے اعمال بتا کر رہیں گے اور انہیں شدید سزا کا مزا چکھایا جائے گا [50]۔ اور جب بھی ہم نے انسان پر نعمتیں نازل کیں تو اُس نے اعراض برتا اور ہماری یاد سے لاپرواہی برتی؛ اور جب اُسے بُرے حالات نے آ لیا تو وہ مسلسل دعائیں مانگنے والا بن گیا [51]۔ انہیں کہو کہ کیا تم نے یہ بھی سوچا کہ اگر یہ اللہ ہی کی جانب سے ہے، پھر تم اس کا انکار کرتے ہو، تو پھر اُس سے زیادہ گمراہ اور کون ہے جو سچ سے اتنی زیادہ دور ہو [52]۔ ہم جلد ہی انہیں کائنات میں اور اُن کی اندرونی ذاتوں میں اپنی نشانیاں دکھائیں گے یہاں تک کہ یہ اُن پر واضح کر دیا جائے کہ یہ قرآن برحق ہے۔ کیا تمہارے پروردگار کا یہ منصب کافی نہیں ہے کہ وہ تمام موجودات پر بذاتِ خودشاہد ہے [53]۔ کیا ایسا نہیں ہے کہ یہ لوگ

اپنے پروردگار کا سامنا کرنے پر شک میں مبتلا ہیں؟ ہرگز نہیں، وہ تو ہر شے کو اپنے احاطے میں لیے ہوے ہے [53]۔